http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 20 شوال المکرم 1446ھ | جمعرات 09 اپریل 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 320



ایران-امریکا جنگ بندی پر برطانیہ نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا | ایران امریکا جنگ بندی پر یو اے ای اور سعودی عرب کی پاکستان کو شاباش

وزیراعظم کی ایرانی صدر کو جنگ بندی پر مبارکباد
پزشکیان کی اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کی تصدیق

وزیراعظم نے ٹیلیفونک رابطے کے دوران ایرانی صدر کو جنگ بندی پر مبارکباد دی جب کہ دونوں رہنماؤں کی 45 منٹ تک دوستانہ انداز میں مذاکرات کے باضابطہ آغاز پر بھی گفتگو ہوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کا ایرانی صدر سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے، جس میں اہم امور پر گفتگو کے علاوہ انہوں نے جنگ بندی پر مبارکباد پیش کی۔ اسکیمرلیس نیوز کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے آج ٹیلیفونک گفتگو کی۔ ذرائع کے مطابق یہ رابطہ خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوا جو تقریباً 45 منٹ سے زائد جاری رہا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم نے ٹیلیفونک رابطے کے دوران ایرانی صدر کو جنگ بندی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

امریکا اور اسرائیل کو ایران میں کچل دینے والی شکست ملی، روس کا بڑا دعویٰ

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس کی وزارت خارجہ نے امریکا اور اسرائیل کی ایران کیخلاف کارروائیوں پر سخت ردعمل دیتے ہوئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

بھارت میں گیس اور پیٹرول بحران سے صنعتی پہیہ جام ہوکر رہ گیا

عالمی سفارتکاری میں پاکستان کا نام روشن
بھارتی تجزیہ کار مودی پر برس پڑے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ جنگ بندی میں پاکستان کی سفارتی کامیابی کے بعد بھارت میں اس پیش رفت پر شدید ردعمل سامنے آیا ہے، جہاں بعض تجزیہ کاروں نے اپنی حکومت کی خارجہ پالیسی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی مبصرین کا کہنا ہے کہ پاکستان نے حالیہ بحران میں اہم ثالثی کردار ادا کیا، جس کے باعث عالمی سطح پر اس کی سفارتی حیثیت مضبوط (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور شہباز شریف سے بات چیت کے بعد جنگ بندی کا فیصلہ کیا، امریکی صدر

فیلڈ مارشل کی کاوشوں کو خراج تحسین

وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس

جمعہ کو یوم تشکر منانے کا فیصلہ

اللہ نے پاکستان کا وقار بلند کیا، جنگ بندی کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوا، جمعہ کے روز مزاکرات کا اگلا مرحلہ بھی کامیاب ہوگا، ایران اور امریکا نے اپنے اعتمادیوں کے ساتھول کر لبنان سمیت مختلف خطوں میں فوری جنگ بندی پر اتفاق کرلیا ہے، چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل سید عاصم منیر کے لیے بھی کابینہ ارکان نے ڈسک بجائے

اسلام آباد، واشنگٹن (بیورو رپورٹ، مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس ہوا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں ارکان نے تالیاں بجا کر وزیراعظم کا استقبال کیا، کابینہ اجلاس میں تمام کابینہ ارکین کو مٹھائی کھلائی گئی۔ ذرائع نے کہا کہ جتنے کا دن یوم تشکر کے طور پر منایا جائے گا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے لیے بھی کابینہ ارکان نے ڈسک بجائے، کابینہ ارکان نے وزیراعظم کو بھی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کا وقار دنیا میں بلند ہوا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ نمبر 4)

واشنگٹن: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ میڈیا بریفنگ کے دوران جنگ بندی کا اعلان کررہے ہیں

اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد مذاکرات کی بڑی بیٹھک کے لئے تیاریاں شروع

فائیو اسٹار ہوٹل خالی کرالیے گئے

سمی ہوٹل نے پہلے سے مقیم مہمانوں کو ہوٹل چھوڑنے کی ہدایت کردی جبکہ انتظامیہ نے سیکورٹی کے پیش نظر سمی ہوٹل کیطرف جانے والی سڑکوں کو کنٹینرز لگا کر بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، غیر ملکی مہمانوں کو ایئرپاورٹ سے لانے لیجانے کیلئے ٹریفک روٹس بھی متعین کردیے گئے ہیں، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں تیاریاں شروع ہوگئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں مذاکرات کے شرکا کی میزبانی کیلئے تیاریوں کا آغاز ہوگیا اور غیر ملکی مہمانوں کی آمد، استقبال سمیت رہائش کے انتظامات شروع کردیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق غیر ملکی مہمانوں کو ٹھہرانے کیلئے سمی فائیو سٹار ہوٹل کو منتخب کیا گیا ہے جبکہ دیگر غیر ملکیوں کو بھی سمی ہوٹل میں ٹھہرایا جائے گا۔ سمی ہوٹل نے پہلے سے مقیم مہمانوں کو ہوٹل چھوڑنے کی ہدایت کردی جبکہ انتظامیہ نے سیکورٹی (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ 5)

پاکستان خطے میں تمام دو ممالک کی سلامتی خودمختاری کا احترام چاہتا ہے

عالم اخبار

پاکستان بحرین کی پیش کی قرارداد کی حمایت کرتا ہے، پاکستان چاہتا ہے مذاکرات اور سفارتکاری کو مزید موقع دیا جانا چاہیے،

پاکستان موجودہ مسئلے پائیدار اور مستقل حل چاہتا ہے، پاکستان کشیدگی کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، پاکستانی مندوب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے سلامتی کونسل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں تمام دوست ممالک کی سلامتی خودمختاری کا احترام چاہتا ہے، آبنائے ہرمز کھلوانے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ تفصیلات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

ایران میں عوام پاکستانی پرچم اٹھائے سڑکوں پر نکل آئے،

مختلف شہروں میں جشن

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد خوشی کی لہر دوڑ گئی، جہاں شہریوں نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

آپریشن غضب للحق
افغان طالبان نورستان اور کنڑ میں سرحدی چوکیاں چھوڑ کر فرار

پاکستانی سیکورٹی فورسز نے سرحد پار حملوں کا بھرپور جواب دیتے ہوئے افغان طالبان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملادیا۔ افغان میڈیا نے بھی پاکستان کے ہاتھوں بزدل افغان طالبان رجیم کی شرمناک ہزیمت کی تصدیق کردی، افغان میڈیا افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق پاکستانی سیکورٹی فورسز کیساتھ حالیہ جھڑپوں کے بعد افغان طالبان صوبے نورستان اور کنڑ میں سرحدی چوکیاں چھوڑ کر فرار ہوئے، افغان طالبان سرحدی چوکیوں سے پسپائی کے بعد مساجد میں نا صرف چھپ گئے بلکہ عام شہریوں کے روپ میں علاقوں سے فرار بھی ہوگئے۔

افغان میڈیا کے مطابق قبائلی عمائدین کا کہنا ہے کہ افغان طالبان سیکیورٹی کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام اور اپنی عبرتناک شکست چھپانے کیلئے غلط معلومات پھیلا رہے ہیں، افغان طالبان رجیم کی غفلت نے عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کیا، مقامی آبادی نے مدد کیلئے پاکستانی سیکیورٹی فورسز سے رجوع کرنے کا عندیہ دیدیا۔ ماہرین کے مطابق طالبان رجیم کیخلاف حالیہ کارروائیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستانی سیکیورٹی فورسز کسی بھی مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاکستان نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر یہ واضح پیغام دے دیا کہ اب دہشتگردوں کی سرپرستی برداشت نہیں کی جائے گی۔

کامیاب سفارتکاری پر وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا شکریہ ادا کرتا ہوں، عباس عراقچی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خصوصی شکریہ ادا کیا ہے۔ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے خطے میں جنگ کے خاتمے کے لیے مسلسل اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ایران نے جنگ بندی کی بھیک مانگی تو ٹرمپ نے بھی رحم کیا، امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر دفاع و جنگ پیٹ ہیگسیتھ نے پولس کانگرس میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تعریفوں کے پل باندھتے ہوئے جنگ میں حصہ لینے والے فوجی اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ امریکی وزیر دفاع نے کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو بڑی شکست دیکر نہتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

دنیا بڑے سانحے کے بالکل قریب تھی، صدر مملکت کا امریکا ایران جنگ بندی کا خیر مقدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے امریکا ایران جنگ بندی کا خیر مقدم، پرشور عوامی صبر سے ہوشیار رہنے اور پائیدار امن کی راہ اپنانے پر زور دیتے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی کے دوران پاکستان کی موثر سفارتکاری اور دانشمندانہ حکمت عملی کو خالص سطح پر بھرپور سراہا گیا

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے دنیا کو تباہی سے بچالیا
سیاسی رہنماؤں کا خراج تحسین

ایران امریکہ جنگ میں پاکستان کی موثر ثالثی سے دنیا بھر کو ریلیف ملا، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کو مبارکباد

پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان ایک مضبوط ثالث کے طور پر سامنے آیا ہے، جس نے دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کی، الیژیروٹی ڈی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران اور امریکا کے درمیان اور دونقتوں کی جنگ بندی پر پاکستان کی سیاسی شخصیات نے پاکستانی سول وعسکری قیادت کے کردار کو سراہا اور خراج تحسین پیش کیا ہے۔ چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو عالمی تنازع حل میں کردار ادا کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی موثر ثالثی سے دنیا بھر کو ریلیف ملے گا۔ ایم کیو ایم کے رہنما فاروق ستار نے جنگ بندی میں پاکستان کے کردار کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے سیاسی و عسکری قیادت کو مبارکباد دی۔ وفاقی وزیر اویس لغاری نے بھی سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیراعظم اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کوششیں بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کے مطابق یہ بہترین سفارت کاری ہے اور اس اقدام کو نوبیل امن انعام کے لیے مثالی کیس قرار دیا جاسکتا ہے۔ وفاقی وزیر ٹی ٹی شیرا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

اسرائیلی اپوزیشن لیڈر نے جنگ بندی کو نیتن یاہو کی بدترین ناکامی قرار دے دیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل کی اپوزیشن نے وزیراعظم کی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے انہیں سیاسی طور پر ناکام قرار دے دیا ہے، جس کے بعد ملک میں داخلی سیاسی کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ اسرائیل کے اپوزیشن لیڈر یائر لاپڈ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ جنگ بندی معاہدے کے بعد واضح ہوگیا ہے کہ وزیراعظم بنیامین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فی لیٹر 100 روپے تک کمی کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مارکیٹ میں قیمتیں گرنے کے بعد ملک میں پیٹرول اور ڈیزل سستا ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع پیٹرولیم انڈسٹری کے مطابق ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان ہے، پیٹرول 55 روپے فی لیٹر تک سستا ہوسکتا ہے جبکہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

اٹلی کے سابق وزیراعظم نے شہباز شریف کو نوبیل انعام کا حقدار قرار دے دیا

میلان ، میڈیا (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی طرف سے جنگ بندی کیلئے کی گئی کوششوں کو پوری دنیا میں سراہا جارہا ہے۔ اٹلی کے سابق وزیراعظم پالو جنٹیلی لونی نے پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف کو نوبیل انعام کا حقدار قرار دے دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کیلئے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید مہنگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کیلئے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید مہنگی کردی گئی ہے۔ یہ اضافہ فروری 2026 کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

امریکا کو اخلاقی، سفارتی اور فوجی شکست ہوئی ہے

حافظ نعیم الرحمٰن

خلیجی ممالک اور ایران کے ساتھ آزاد تجارت اور مکمل گیس وپیٹرول کی ضروریات کو پورا کرنا ہوگا، پاک سعودی عرب دفاعی معاہدے میں ترکیہ، ایران کو شامل کیا جائے اور خلیجی ممالک رضا کارانہ شریک ہوں، ، امیر جماعت اسلامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کا اہم دوٹوک بیان سامنے آگیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے اپنے بیان میں کہا کہ عالمی جنگ بندی پر ایرانی قوم کے عزم کو سلام پیش کرتے ہیں، حکومت نے عارضی جنگ بندی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

موسم کی خرابی اور سیکورٹی خدشات، پاکستان سے 70 پروازیں منسوخ

خراب موسم اور سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر فلائٹ آپریشن جزوی طور پر معطل رہا، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) موسم کی خرابی اور خطے میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن شدید متاثر ہوگیا، جس کے نتیجے میں ملک بھر سے 70 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)



سب کو بہت، بہت مبارک، اللہ نے پاکستان کو دنیا بھر میں عزت دی، خواجہ آصف

افغانستان کو بھی اس بات کی حیا کرنی چاہیے جو ہم نے اتنے برس میزبانی کی، اگر افغانستان اس میزبانی کا لحاظ نہیں کرتا تو ہمارے پاس کوئی آپشن نہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ سب کو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)



خیبر پختونخوا میں شدید بارش سے متاثرہ علاقوں میں FC جوان مدد کیلئے پہنچ گئے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں شدید بارشوں کے نتیجے میں سڑکیں، پل اور مکانات شدید متاثر ہوئے ہیں۔ باجوڑ اور چترال سمیت دیگر اضلاع میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

کراچی: ڈیفارمیٹ کے علاقے میں سڑک پر سیوریج کا پانی جمع ہے جو کراچی انتظامیہ کا منہ بولتا ثبوت ہے

ایران کے ساتھ جنگ بندی میں لبنان شامل نہیں ہوگا: اسرائیل کی ہٹ دھرمی برقرار

لبنان میں اسرائیل کے 10 منٹ میں 100 سے زائد حملے

254 شہری شہید، 1100 سے زائد زخمی

اسرائیل صدر ٹرمپ کے ایران کے خلاف دو ہفتوں کے لیے عملوں کو معطل کرنے کے مشروط فیصلے کی حمایت کرتا ہے تاہم دو ہفتے کی جنگ بندی میں لبنان شامل نہیں ہے، اسرائیلی حکام

لبنان کے ساحلی شہر صیدا میں فضائی حملے کر کے 8 افراد کو شہید کر دیا، جنگ بندی سے متعلق کوئی باضابطہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں، لبنانی صدر کا معاہدے میں شامل کرنے کا مطالبہ کے باوجود اسرائیل کی وحشیانہ کارروائیاں جاری ہیں۔ اسرائیل کی لبنان کیخلاف جارحیت کا سلسلہ جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

اسلام آباد میں امن کا نام ہے، پاکستان پیس میکر ہے، شاہد آفریدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

افغانستان میں زمین لرز اٹھی، 4.4 شدت کا زلزلہ ریکارڈ

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہ ہندوکش اور افغانستان کے مختلف علاقوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

عالمی اور مقامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں بڑا اضافہ، فی تولہ سونا 5 لاکھ سے متجاوز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی اور مقامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں ایک بار پھر ریکارڈ اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ فی تولہ 56 لاکھ روپے کی انتہائی حد کو عبور کرتے ہوئے 15 لاکھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

پاکستان نے خطے کی صورتحال پر متوازن اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے

وزیر اعلیٰ سندھ

پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی اصول غیر جانبداری ہے یعنی کسی بھی عالمی بلاک کا حصہ بننے کے بجائے امن اور توازن کو فروغ دینا، ایران ہمارا ہمسایہ اور برادر ملک ہے اس لیے پاکستان ایران حکومت اور عوام کے ساتھ ہیں، سید مراد علی شاہ

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ایران پر ہونے والا حملہ غیر قانونی ہے، پاکستان نے اس پوری صورتحال میں متوازن اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا جو شہید ذوالفقار علی بھٹو کی خارجہ پالیسی کی حقیقی عکاسی ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، پولیس کو چھاپہ مارنا مہنگا پڑ گیا، عوام کا اہلکاروں پر تشدد

ویڈیو کچھ عرصے پرانی ہے جبکہ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار بھی کر لیا گیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد کے علاقے لیاری میں پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

کراچی سے لاہور جانے والی شالیمار ایکسپریس حادثے کا شکار ہوگئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سے لاہور جانے والی شالیمار ایکسپریس حادثے کا شکار ہو گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق حادثہ شیخوپورہ کے قریب پیش آیا جہاں شالیمار ایکسپریس کی تین بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، حادثے کے بعد اپ اور ڈاؤن ریلوے ٹریک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی، پولیس مقابلے، ایک ڈاکو ہلاک، 6 ڈاکو گرفتار، ایک فرار

ملزمان سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئیں، پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں مختلف تھانوں کی پولیس نے مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ڈاکو کو ہلاک جبکہ 5 کو مزید حالت میں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

سرجانی ٹاؤن میں موبائل مارکیٹ میں آگ لگ گئی، 2 دکانیں خاکستر

آتشزدگی کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ایک گھنٹے کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرجانی ٹاؤن کے ذیلی ایریا قلیمہ کے قریب موبائل مارکیٹ میں آگ لگ گئی۔ آتشزدگی کے باعث موبائل فون کی دو دکانیں اور اس کے رکھا سامان جل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی: گورنر سندھ سید کامران ٹیسوری نے ڈاکٹرز کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

این آئی سی وی ڈی میں انتظامی نااہلی کے باعث امراض قلب کے مریض شدید مشکلات کا شکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (این آئی سی وی ڈی) میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر سرجن پروفیسر ظہیر صفدر کی نااہلی کے باعث دل کے مریضوں کو شدید پریشانی اور اذیت کا سامنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

پیپلز پارٹی کے منصوبے کراچی کے رہن مستقبل کی ضمانت ہیں، کرم اللہ دھامی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی کے ترجمان اور کراچی میڈیو پبلشن کارپوریشن میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ دھامی نے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ہر طرح سے عوام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

سیلانی کی جانب سے بائیکیا رائیڈرز کے لیے ایک لیٹر مفت پیٹرول

مہم کئی روز جاری رہے گی، بائیکیا اور فوڈ سپلائی کرنے والے رائیڈرز کو فائدہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کفایت شعاری مہم کے دوران سیلانی نے اپنا بھرپور کردار ادا کرتا شروع کر دیا، بائیکیا رائیڈرز کے لیے مفت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

پاکستان کا امن کیلئے کردار قابل فخر ہے

بلاول بھٹو

اس جنگ بندی کی بدولت کشیدگی میں کمی آئی اور سفارتکاری کو فروغ ملا، یہ جنگ بندی محض عارضی وقفہ ثابت نہیں ہوگی بلکہ دیرپا امن کی بنیاد بنے گی، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ بندی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان امن کے لیے کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دانشمندی، عزم اور امن کے لیے پختہ عہد کے ساتھ قیادت کا کردار ادا کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے ایران اور امریکا کی قیادت کی جانب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29)

کراچی: سیانی پلیٹرز کی جانب سے بائیکیا اور ڈیلیوری رائیڈرز کو مفت ایک لیٹر پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے

پاکستان نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچا کر ثابت کر دیا کہ ہم امن کے علمبردار ہیں، گورنر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچا کر ثابت کر دیا کہ ہم امن کے علمبردار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

کراچی: ڈیفارمیٹ کے علاقے میں سڑک پر سیوریج کا پانی جمع ہے جو کراچی انتظامیہ کا منہ بولتا ثبوت ہے

صوبائی وزیر بلدیات کا کراچی میں ترقیاتی کاموں کا دورہ

جناح ایونیو اور طارق روڈ پر کلیئرنگ جائزہ لیا

مرمتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور شہر میں جاری تمام ترقیاتی و مرمتی کام کی رفتار کو تیز کیا جائے، ترقیاتی کاموں میں معیار اور شفافیت کا خاص خیال رکھا جائے اور کسی بھی قسم کی لاپرواہی، سست روی اور تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائیگا، ناصر حسین شاہ

کراچی (رپورٹر حسنین) صوبائی وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کراچی شہر کے مختلف علاقوں میں جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

عالمی حالات میں پاکستان امن کا علمبردار بن کر ابھرا، ثروت اعجاز قادری

ایران و امریکہ کشیدگی میں پاکستان کی سفارتی کامیابی دنیا نے تسلیم کر لی، پاکستان نے ثابت کیا مذاکرات ہی مسائل کا واحد حل ہیں، بلاول عباس قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں پاکستان نے بصرف ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

کوئٹہ میں مسافر کے قبضے سے 29.789 ملین ایرانی ریال برآمد

ضبط شدہ ایرانی ریال کی مالیت کروڑوں روپے کے قریب بتائی جا رہی ہے، جو غیر قانونی تجارت اور کرنسی کی اسمگلنگ کے ایک منظم نیٹ ورک کی نشاندہی کرتی ہے، کسٹمز حکام

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کسٹمز انفورسمنٹ کوئٹہ نے مسافر کے قبضے سے 29.789 ملین ایرانی ریال ضبط کر لیے۔ کسٹمز حکام کے مطابق برآمد کردہ مسافر بنیامین کسی ڈیکلریشن کے یہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

سینیٹر پیٹریوٹ انعام یمین

دنیا کو تباہی نہیں بلکہ مکالمے کی ضرورت ہے

جنگ نہیں بلکہ دانشمندی ہی مسائل کا موثر حل پیش کر سکتی ہے، جنگ بندی کی پیش رفت خطے میں دیرپا استحکام اور خوشحالی کا باعث بنے گی، جس سے کشیدگی میں کمی آئے گی اور خطے میں امن و تعاون کو فروغ ملے گا، سوشل میڈیا پر پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینیٹر پیٹریوٹ انعام یمین نے ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کو امن کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ملزم ارمغان نے عدالت پر عدم اعتماد کی درخواست جمع کرادی

دوران سماعت فاضل جج کا رویہ میرے اور میرے وکیل کیساتھ انتہائی نامناسب رہا ہے، جس کی وجہ سے مجھے اس عدالت کے غیر جانبدار ہونے پر تحفظات ہیں، ملزم ارمغان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں ملزم ارمغان نے عدالت پر عدم اعتماد کی درخواست جج کرادی ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق انہوں نے دہشت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

بدین میں منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی کارروائیاں، 17 ملزمان گرفتار

بدین (اسٹاف رپورٹر) ضلع بدین میں منشیات فروشوں کے خلاف پولیس کی کارروائیاں تیز، مختلف تھانوں کی حدود میں چھاپوں کے دوران 40 کلوگرام آئس، 12 بوتل وہسکی، 240 لنڈر دیسی شراب اور 5380 سلفہ اسٹک برآمد کر لیا گیا۔ کیس کو بھی طور پر 17 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی ایس پی اسپیکٹر جنرل پولیس حیدرآباد رینج اور ایس ایس پی بدین کی ہدایات پر منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

پاکستان کی سفارتی کامیابی، عالمی جنگ ٹل گئے، بیرسٹر مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلدیاتی نمائندوں کے وفد نے کے ایم سی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر فیروز خان کی قیادت میں میئر کراچی بیرسٹر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

کندھ کوٹ انڈس ہائی وے کشمی چوک کے مقام پر ٹریفکٹرالی اور ٹرک میں تصادم، ڈرائیور جاں بحق

کندھ کوٹ (اسٹاف رپورٹر) کندھ کوٹ انڈس ہائی وے کشمی چوک کے مقام پر ٹریفکٹرالی اور ٹرک کے مابین تصادم ہوا، اس کے نتیجے میں ٹریکٹر ڈرائیور دوست محمد موقع پر جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر متوفی کی لاش کو قانونی طور پر کرسول ہسپتال پہنچایا جہاں سے ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی لاش کا پوسٹ مارٹم کیا گیا۔

ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ کی پیپلز پارٹی کے ٹاؤن چیئرمین سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منیجنگ ڈائریکٹر سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی تھلانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مختلف ٹاؤنز کے چیئرمین اور وائس چیئرمین سے ملاقات کی۔ اجلاس میں صفائی ستھرائی کی صورتحال، عیدالاضحیٰ کے دوران آلائشوں کو ٹھکانے لگانے کے انتظامات اور دیگر شہری مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر سٹیزن فرینڈلی فورمز سماجی، متعلقہ افسران اور کمیونٹی نمائندگان موجود تھے۔

عمران خان کی نظر ثانی درخواستوں پر سپریم کورٹ نے فیصلہ محفوظ کر لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں پانی پی ٹی آئی سے متعلق جنگ کیس میں امیم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں عدالت نے نظر ثانی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

پشاور زلمی نے حیدرآباد کنگز مین کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دیدی

کپتان بابر اعظم 43 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، کوشل مینڈس نے 27 اور مائیکل بریسویل نے 25 رنز بنائے، صائم ایوب نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

کراچی (اسپورٹس نیوز) پی ایس ایل 11 کے 15ویں میچ میں پشاور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

کراچی: پی ایس ایل 11 کے دوران پشاور زلمی اور حیدرآباد کنگز مین کے مابین کھیلے گئے میچ کے مختلف مناظر (تصاویر: ناصر خان)

ایران مریکا جنگ کے دوران پاکستان نے مثبت کردار ادا کیا، شہنشاہ حسین نقوی

آیت اللہ خامنہ ای کی مظلومانہ شہادت نے امریکا کی عالمی بساط لپیٹ دی ہے، صدر جعفریہ لائنس پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جعفریہ لائنس پاکستان کے صدر علامہ شہنشاہ حسین نقوی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

نوشہرو فیروز، مسافروں سے بھری بس الٹنے سے خواتین و بچوں سمیت 10 افراد زخمی

قمام زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کر دیا گیا، حادثہ بس کے ٹائر کی راڈ ٹوٹنے اور ڈرائیور کے بس سے کنٹرول کھونے کے باعث پیش آیا، ریسکیو ذرائع

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) نواں جوتی تا نورپور لنک روڈ پر مسافروں سے بھری بس الٹ گئی، بس کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت بس افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کا اعتماد، مشکل معاشی حالات کے باوجود جوئی پبلک آفرنگ متعارف

آئی پی او میں سرمایہ کاری سے قبل پراسپیکٹس کا جائزہ لیں اور آن لائن اکاؤنٹ کھول کر سرمایہ کاری کر کے ملکی معاشی ترقی کا حصہ بنیں، ایس ای سی پی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کا اعتماد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ سڑکوں کی بحالی کے کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن رپورٹ پبلی کیشن III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

قائد کے شہر سے

کھنڈر گوٹھ میں لینڈ گریبرز کیخلاف بڑا آپریشن

2 ایکڑ ریلوے زمین واگزار

کافی عرصے سے اس سرکاری اراضی پر قبضے کی کوششیں جاری تھیں، تاہم ضلعی انتظامیہ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ان کوششوں کو ناکام بنادیا، اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد عامر احمد

کراچی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر وسطی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد عامر احمد کے لینڈ گریبرز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے کھنڈر گوٹھ، ناظم آباد میں واقع ریلوے کی قیمتی زمین جو غیر آئین قانون سے واگزار کرا لی۔ اسسٹنٹ کمشنر عامر احمد کے مطابق مذکورہ زمین تقریباً دو ایکڑ پر مشتمل ہے، جس پر قبضہ مافیا نے جھگیاں اور جھونپڑیاں قائم کرکے غیر قانونی قبضہ جما رکھا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ کافی عرصے سے اس سرکاری اراضی پر قبضے کی کوششیں جاری تھیں، تاہم ضلعی انتظامیہ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ان کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ آپریشن کے دوران بھاری مشینری کی مدد سے تعمیر قانونی قیمرات کو مسمار کیا گیا جبکہ موقع پر موجود قانون توڑنے والے افراد اور کسی کی غیر موجودگی تارکسی بھی نا خوشگوار واقعے ایک بڑے ہیوی خسارہ سے بچا رہے۔ عمیر احمد نے واضح کیا کہ سرکاری زمینوں پر قبضے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور اس سلسلے میں بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ہدایت کے مطابق قبضہ مافیا کے خلاف تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں اور آئندہ بھی ایسے عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہر میں سرکاری اراضی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ایڈیشنل آئی جی کراچی سے کاسمیٹک انڈسٹری ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات، صنعتی زون کی سیکیورٹی پر تبادلہ خیال

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے کاسمیٹک انڈسٹری ایسوسی ایشن کے وفد نے کراچی پولیس آفس میں ملاقات کی۔ حاجی صالحین تنولی کی قیادت میں 15 رکنی وفد نے دبائی کرائی اور کراچی پولیس اور صنعتکاروں کے درمیان فاصلے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے صنعتکار برادری سے مکمل تعاون کا اعادہ کیا۔ وفد میں چیئرمین مظہر فرید ہاشمی سمیت دیگر عہدیداران شامل تھے۔ ملاقات کے اختتام پر وفد کی جانب سے ایڈیشنل آئی جی کراچی کو گلدستہ پیش کیا گیا۔ دوسری جانب ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے قصابہ سپر مارکیٹ میں شاہین فورس کی کامیاب اور بروقت کارروائی کے لیے پولیس پارٹی کے افسران اور افراد کو شاباش اور انعام کا اعلان کر دیا مارکیٹ کے قریب ڈاکو ہلاک ہونے جبکہ ان کے قبضے سے اسلحہ اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔ کراچی پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے اور ایسے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

پاکستان پیپلز پارٹی ضلع وسطی میں مختلف سیاسی جماعتوں سے بڑے پیمانے پر شمولیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع وسطی میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ورکران اور کارکنان کی بڑی تعداد نے پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی۔ شمولیت کرنے والوں میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل اور ام کیو ایم کے عہدیداران و کارکنان شامل ہیں۔ لائبین ایاز بوسے ساتھ ممبر ایکس ریزیڈنٹس تنظیم ایم کیو ایم سے وابستہ تھے، اور وہ نے بھی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ اسی طرح عدیل عشرت، جو فنکشنل لیگ سے تعلق رکھتے ہیں اور پی ایس 126 کے جنرل سیکریٹری رہے ہیں بھی پارٹی کا حصہ بن گئے ہیں۔ مزید برآں الطاف قوی، جو ساتھ کشمرلیم کو ایم رو چکے ہیں، فرم فور (رابطہ سیکریٹری پی ایس 126)، لعمان بندھانی (یوی 7 نائب صدر (سمیت تقریباً چالیس افراد نے ابتدائی طور پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقع پر سردار طلحہ موجود تھے۔ اپنی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر ضلع وسطی نے آنے والے کارکنان کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا بھرپور شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ جنرل سیکریٹری شہزاد مجید نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور عوامی خدمت اور فلاح پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ہمیشہ اپنے کارکنان اور عوام کے لیے سہولیات کی فراہمی کو یقینی بناتی ہے۔ لائبرل سیکریٹری ضلع وسطی نے اپنے خطاب میں کہا کہ پارٹی کارکنان کی فلاح و بہبود اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر ضلعی عہدیدار نوفر احمد نے کہا کہ نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شمولیت پارٹی کے لیے تازہ ہوا کا جھونکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی باہمی تعاون سے ہی پارٹی کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آگے آنے والے دنوں میں مثبت تبدیلی لائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے علاوہ نئے چہروں نے بھی پارٹی میں شمولیت اختیار کی ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کا اعتماد پاکستان پیپلز پارٹی پر بڑھ رہا ہے۔

گلستان جوہر پولیس کی کارروائی، 6 سے زائد مقدمات میں نامزد ملزم گرفتار، منشیات آکس برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایسٹ کے تھانہ گلستان جوہر پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے چھ سے زائد مقدمات میں نامزد ملزم کاشف خان ولد نورنواز کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے اعلیٰ کوالٹی منشیات آئس برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم عادی جرائم پیشہ ہے جو قبل ازیں بھی متعدد سنگین مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے۔ ملزم کے خلاف تھانہ شاہ لطیف کالونی، گلستان جوہر اور شاہراہ فیصل میں منشیات، ڈکیتی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے سمیت مختلف مقدمات درج ہیں۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

سی اور جیکب آباد سے مزید 2 ٹرک عوام دوست منڈی پہنچ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ناردن بائی پاس عوام دوست منڈی کا رنگ جھنڈا قربانی کے جانوروں سے آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ ایڈمنسٹریٹر طارق تنولی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے علاقے ہی سے بیوپاری عرض محمد آج عوام دوست منڈی پہنچا ہے، بیوپاری عرض محمد ایک بڑے دیہی خمار میں قربانی کے جانوروں کو رکھ دنبل کے بھاری بھرکم 21 جانور موسیٰ منڈی کی زینت بن چکے ہیں، بسی سے آنے والے بیوپاری عرض محمد نے بتایا کہ اس بار پہلے سے بہ نسبت عوام دوست منڈی میں اچھے اقدامات نظر آرہے ہیں پہلے جو بیوپاری آتا تھا کو بتایا جا رہا ہے کہ کراچی میں پہلے جو بیوپاری آتا تھا کو بتایا جا رہا ہے کہ کراچی میں پہلے جو بیوپاری آتا تھا مرغی سے جانور اتارے ہیں، جیکب آباد کا بیوپاری رضا محمد بھی جانوروں کا ٹرک لے کر موسیٰ منڈی پہنچا ہے، بیوپاری رضا محمد قربانی کے خوبصورت 33 جانور لے کر موسیٰ منڈی پہنچا ہے اس نے بتایا کہ جیسی میرا ٹرک موسیٰ منڈی کے اندر داخل ہوا انتظامیہ کے ورکرز میری خدمت کو پہنچ گئے اور میری تمام ضروریات پوری کیں، روزانہ کی بنیاد پر کراچی کے شہری بڑی تعداد میں عوام دوست منڈی پہنچ رہے ہیں۔

ایف آئی اے میں اعلیٰ سطحی اچانک دورہ، اینٹی منی لانڈرنگ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ایف آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نے اینٹی منی لانڈرنگ ونگ کا اچانک دورہ کیا۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی جہاں زیر تفتیش مقدمات اور جاری انکوائریز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق افسران سے کیسز کی پیشرفت اور شواہد کے معیار پر بریفنگ لی گئی۔ قانونی کارروائیوں کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا گیا اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر مالی جرائم کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی گئی اور تیز اور شفاف تفتیش یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملک میں منی لانڈرنگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل جاری ہے اور قومی معیشت کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھنے کا عزم کیا گیا ہے۔

آیت اللہ خمینی خامنہ ای کے چہلم کے پروگرام پورے شہر میں منعقد ہونگے ،مولانا صادق جعفری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجلس وحدت المسلمین کراچی ڈویژن کے صدر مولانا صادق جعفری نے خطاب کرتے ہوئے شہید رہبر معظم آیت اللہ خامنہ ای کے چہلم کے پروگرام پورے شہر میں منعقد ہونگے ،مولانا صادق جعفری نے بلاگ بندی کے بعد اسرائیل کے لبنان پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کروڑوں پاکستانی عوام کے ساتھ ساتھ دیں اور آزاد سکھ دھی حق کا ساتھ دیں گے۔ انہوں نے پچھر کر ممالک کی جانب سے ایران پر جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب میں موجود امریکہ کے اڈوں پر حملہ امریکہ کے مفادات پر حملہ ہے۔ مولانا صادق جعفری نے کہا کہ شہید رہبر کے چہلم کے پروگرام پورے شہر میں منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے حکومت پاکستان کی موجودہ کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔

انسداد پولیو مہم، کمشنر کراچی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی ہیلتھ افسران کا اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ان کے دفتر میں ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی ہیلتھ افسران کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سالانہ وسیع تر انسداد پولیو کے اضران نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کراچی میں 13 اپریل سے شروع ہونے والی ایک ہفتہ جاری رہنے والی مہم 19 اپریل تک جاری رہے گی اجلاس میں بتایا گیا کہ پانچ سال تک کے 25 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم میں 23,000 پولیو ورکرز فرائض انجام دیں گے۔ 7000 سیکورٹی اہلکار فرائض انجام دیں گے 500- لیڈی پولیس کو شامل کیا گیا تھا جبکہ ان کے

روزنامہ تشکر — بقیہ 1

پر مبارکباد دی جب کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان مذاکرات کے باضابطہ آغاز کی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ایران قیادت کی دانشمندی اور دوراندیشی کا ذکر کیا کہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے لیے بھی اپنی تشکیل کا اظہار کیا۔ وزیراعظم کی جانب سے تنظیم میں اسلام آباد میں مذاکرات کے حوالے سے پیش کردہ تجاویز کو سراہتے ہوئے ایران کے سپریم لیڈر کے داماد کی تشکیل کو بھی اپنی قیادت کی حوصلہ افزائی قرار دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آغا سید حسن خامنہ ای کے سپریم لیڈر کے عہدے پر فائز ہونے کے لیے بھی اپنی تشکیل کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ بندی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس کوشش کا خیرمقدم کرتا ہے جو خطے کے امن و استحکام کے لیے کی جا رہی ہے۔ برطانیہ کی سیکرٹری خارجہ یوویٹ کوپر نے کہا کہ امریکا، اسرائیل اور ایران کے درمیان دوحتوں کی جنگ بندی کے اعلان کا خیرمقدم کرتی ہیں۔ یہ خطے میں سکون کی اور استحکام کے قیام اور انٹرنیشنل شپنگ اور حالی معیشت کو دوبارہ معمول پر لانے کی جانب اہم قدم ہے۔ برطانیہ کی سیکرٹری خارجہ کا ایران کی سرزمین کو ہدف مذاکرات کا بھی خیرمقدم کرنا ہوں، پاکستان اور مذاکرات کا مطالبہ کرتے ہوئے اس اعتماد کی بھی شکریہ ادا کرتی ہیں۔ برطانوی سیکرٹری خارجہ نے کہا کہ برطانیہ آئندہ اور تعاون کے فروغ کی جانب پر برطانیہ آئندہ ہمرکز دوبارہ کھولنے، خطیج کے تعاون پر بین الاقوامی کام کرنا رہا ہے اور کوشش جاری رہے گی۔ میری سرہاہی میں 40 نے زمانہ ممالک کے اطلاس ہوا جہاں انٹرنیشنل شپنگ کے لیے فوری اور آزاد راہ طور پر کس وصول کرنے کی ضرورت پر تاخذ ہوئی اور اس کے لیے ایران اور امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے پیش کردہ تجاویز کو سراہتے ہوئے اس کوشش کو خوش آئند قرار دیا۔ ترجمان سعودی وزارت خارجہ کے ہاشمی خطے کی پائیدار امن اور تحمل کی کوشش کو سراہتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں، امارتی صدر اور اعلان کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ ترکی وزیر خارجہ نے کہا کہ خطے میں جاری جنگ بندی کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ دوسری جانب امارتی صدارتی مشیر انور قرقاش نے کہا کہ حقیقت عرب امارات ایک ایسی جنگ میں سرخرو ہوا ہے جس سے بچا جا سکتا تھا، اپنی خودمختاری، وقار اور کامیابیوں کا دفاع کرنے میں کامیاب رہے۔ انور قرقاش نے کہا کہ چیلنج عالمی معیشت کو دوبارہ ہمرکز کرنا ہوں، ہماری قوت، استقامت اور ثابت قدمی کا امتحان ہوا ہے۔ انور قرقاش نے امارتی باڈل کو مزید خوش آئند قرار دیا۔ امارتی صدارتی مشیر انور قرقاش نے کہا کہ امریکا ایران جنگ بندی کو خوش آئند قرار دیا۔ امارتی صدارتی مشیر انور قرقاش نے کہا کہ حقیقت عرب امارات ایک ایسی جنگ میں سرخرو ہوا ہے جس سے بچا جا سکتا تھا، اپنی خودمختاری، وقار اور کامیابیوں کا دفاع کرنے میں کامیاب رہے۔ انور قرقاش نے کہا کہ چیلنج عالمی معیشت کو دوبارہ مرکز کرنا ہوں، ہماری قوت، استقامت اور ثابت قدمی کا امتحان ہوا ہے۔ انور قرقاش نے امارتی باڈل کو مزید خوش آئند قرار دیا۔

روزنامہ تشکر — بقیہ 2

بھارتی وزیراعظم مودی کی پالیسیوں پر سوالات اٹھائے۔ ایک بھارتی تجزیہ کار اسامہ باجوہ نے کہا کہ پاکستان کیا کشمیر، پانی جیسے اہم مسائل کو اٹھا رہا ہے۔ بھارت پہلے سے منقسم نظر آ رہا ہے۔ بیرون خود کو جوڑ سے بھارتی عوام کا بھیانہ چہرہ کھل ہو کر رہا گیا۔ عالمی تاثر کو بھی بھارت کے خلاف کیا گیا